2025-11-15

Hrs 08.30

HL-Opening

آکاشوانی سے پیش ہے خبرنامہ

آداب: خبرنامے کے ساتھ میں شبانہ بیگم

پہلے اِس وقت کی خاص خبریں

-------------------------------------------------------------

1- وزیر اعظم نریندر مودی گجرات کے نرمدا ضلعے میں جَن جاتیہ گورو دیوس تقریبات میں شرکت کریں گے۔ یہ تقریبات تاریخی قبائلی رہنماء بھگوان برسا منڈا کے 150 ویں یومِ پیدائش کے موقعے پر منائی جا رہی ہیں۔ وہ 9 ہزار 700 کروڑ روپے سے زیادہ کی لاگت والے مختلف ترقیاتی پروجیکٹوں کا آغاز کریں گے۔

2- وزیر اعظم سورت میں، ممبئی-احمد آباد بُلٹ ٹرین پروجیکٹ کی پیشرفت کا بھی جائزہ لیں گے۔

3- برسرِ اقتدار قومی جمہوری اتحاد نے، بہار اسمبلی انتخابات میں بھرپور کامیابی حاصل کی ہے۔ اُس نے 243 رکنی ایوان میں 202 سیٹیں جیتی ہیں۔ مہا گٹھ بندھن کی سیٹیں کم ہو کر 35 رہ گئی ہیں۔

4- چناؤ فہرستوں کی خصوصی تفصیلی نظرثانی کے دوسرے مرحلے میں 90 فیصد سے زیادہ ووٹروں کو، ذاتی تفصیلات کے فارم تقسیم کیے جا چکے ہیں۔

5- کرکٹ میں، آج کولکاتہ میں بھارت، پہلے ٹیسٹ کے دوسرے دن جنوبی افریقہ کے خلاف اپنی پہلی اننگز میں اپنے کل کے اسکور ایک وکٹ پر 37 رن سے آگے کھیلنا شروع کرے گا۔

6- اور نشانے بازی میں، ایشا سنگھ نے، قاہرہ میں عالمی چیمپئن شپ میں خواتین کے 25 میٹر پسٹل مقابلے میں کانسے کا تمغہ جیتا ہے۔

اب خبریں تفصیل سے۔

PM Gujrat Visit

وزیر اعظم نریندر مودی آج گجرات کا دن بھر کا دورہ کریں گے۔ اپنے دورے میں وہ جَن جاتیہ گورو دیوس کے موقعے پر نرمدا ضلعے میں دیدیاپاڑہ علاقے میں ایک پروگرام میں شرکت کریں گے۔ جَن جاتیہ گورو دیوس، ایک تاریخی قبائلی رہنماء اور مجاہدِ آزادی بھگوان برسا منڈا کے یومِ پیدائش کی تقریبات پر منایا جا رہا ہے۔

جناب مودی 9 ہزار 700 کروڑ روپے سے زیادہ لاگت والے مختلف ترقیاتی پروجیکٹوں کا افتتاح بھی کریں گے اور سنگِ بنیاد رکھیں گے۔ اِن پروجیکٹوں میں خاص طور پر قبائلیوں کو بااختیار بنانے پر زور دیتے ہوئے بنیادی ڈھانچے، صحت، تعلیم اور وراثت پر توجہ دی جائے گی۔

جناب مودی ایک لاکھ مکانات کی گرہ پرویش تقریب میں بھی شرکت کریں گے۔ یہ مکانات "پردھان منتری جَن جاتی آدی واسی نیائے مہا ابھیان" PM-JANMAN اور "دھرتی آبا جَن جاتیہ گرام اُتکرش ابھیان" DA-JAGUA کے تحت تعمیر کیے گئے ہیں۔

وہ قبائلی علاقوں میں کنیکٹی وِٹی میں اضافے کیلئے 748 کلو میٹر نئی سڑکوں اور 14 قبائلی کثیر مارکٹنگ مرکزوں کی تعمیر کے کام کا سنگِ بنیاد رکھیں گے۔ یہ کام DA-JAGUA کے تحت کیا جائے گا۔ وزیر اعظم نرمدا ضلعے میں دیو موگرا مندر میں پوجا ارچنا بھی کریں گے۔ جناب مودی، سورت میں آج صبح بُلٹ ٹرین اسٹیشن کا بھی دورہ کریں گے، جو ابھی زیر تعمیر ہے۔ اس دورے کا مقصد ممبئی-احمد آباد تیز رفتار ریل راہداری کے کام کی پیشرفت کا جائزہ لینا ہے۔×

Janjatiya Gaurav Divas

ملک آج مجاہدِ آزادی اور قبائلی رہنماء بھگوان برسا منڈا کے 150 ویں یومِ پیدائش کی یادگار کے طور پر جَن جاتیہ دیوس منا رہا ہے۔ مرکز نے قبائلی تاریخ کو زندہ رکھنے کی اہمیت کا اعتراف کرتے ہوئے 15 نومبر کو جَن جاتیہ دیوس قرار دیا ہے۔ وقت گزرنے کے ساتھ ساتھ اب یہ دن وسعت اختیار کر کے جَن جاتیہ گورو ہفتہ بن گیا ہے اور اب مختلف وزارتیں اور ریاستیں، ثقافتی پروگراموں، نمائشوں اور تعلیم سرگرمیوں کے ذریعے اس جشن کو مناتی ہیں، جو اہم قبائلی شخصیات کی وراثت کو جلا بخشتا ہے۔

V/C - Pallavi Parmar

گزشتہ دہائی سے اب تک قبائلی ترقی کا ویژن وسعت اختیار کر کے ایک ملک گیر مشن بن گیا ہے۔

آج 42 وزارتیں درجِ فہرست قبائل کیلئے ترقیاتی عملی منصوبے کے ذریعے قبائلی بہبود کے عمل میں سرگرم تعاون دے رہی ہیں۔ حکومت قبائلی مجاہدینِ آزادی کیلئے وقف میوزیموں اور یادگاروں کے قیام کیلئے مسلسل زور دیتی رہی ہے۔ دس ریاستوں میں 17 میوزیموں کی منظوری دی گئی ہے، جن میں سے تین کا افتتاح کیا جا چکا ہے۔ ان میں رانچی کا بھگوان برسا منڈا یادگاری پارک و میوزئم شامل ہے۔ عوامی مقامات جیسے رانی کملاپتی ریلوے اسٹیشن Tantya Bhil یونیورسٹی، اَلّوری سیتا رام راجو اور برسا منڈا کے مجسمے ملک بھر میں قبائلی وراثت کے اعتراف کی جاری کوششوں کی عکاسی کرتے ہیں۔

اس کے علاوہ کتابوں، Comics اور ڈیجیٹل مواد کے ذریعے قبائلی عظیم شخصیات کی داستانوں کو بیان کیے جانے سے اس بات کو یقینی بنایا گیا ہے کہ ہر نسل ان کہانیوں سے واقف ہو سکے۔

پلّوی پرمار کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں ............

Jharkhand Janjatiya Gaurav Diwas

جھارکھنڈ آج اپنے قابلِ احترام قبائلی مجاہدِ آزادی بھگوان برسا منڈا کا 150 واں یومِ پیدائش منا رہا ہے۔ اسی کے ساتھ ساتھ ریاست آج اپنا 25 واں یومِ تاسیس بھی منا رہی ہے۔ بہار کے جنوبی حصے میں تشکیل دی گئی اس ریاست کو باضابطہ طور پر آج کے ہی دن سن 2000 میں بھارت کی 28 ویں ریاست کا درجہ دیا گیا تھا اور سال بھر سے جاری بھگوان برسا منڈا کے 150 ویں یومِ پیدائش

کی تقریبات بھی آج ہی اختتام پذیر ہو رہی ہیں۔ اس موقعے پر ریاست میں تاریخ ساز رہنماء برسا منڈا کی نمایاں خدمات اور ملک کی قبائلی وراثت و آزادی کی تحریک میں ان کی خدمات کو اُجاگر کرنے کی غرض سے مختلف پروگراموں کا اہتمام کیا جا رہا ہے۔ ریاست نے Ulihatu میں برسا فیسٹیول کو سیاحت کا فیسٹیول قرار دیا ہے۔×

## Rev.PM Jharkhand

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو، وزیر اعظم نریندر مودی اور وزیر داخلہ امت شاہ نے آج ریاست کے یومِ تاسیس کے موقعے پر جھارکھنڈ کی عوام کو مبارکباد دی ہے۔

ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں صدر مرمو نے کہا کہ بھگوان برسا منڈا کی سرزمین کے باصلاحیت اور محنت کش لوگوں نے ریاست اور پورے ملک کے فخر میں اضافہ کیا ہے۔ انہوں نے یہ بھی کہا کہ اس ریاست نے جو قدرتی وسائل میں مالامال ہے، ملک کی ترقی میں اپنا خاطر خواہ تعاون جاری رکھا ہے۔

وزیر اعظم جناب مودی نے ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں کہا ہے کہ بھگوان برسا منڈا کی سرزمین نے قبائلی ثقافت کو گوناگوں بنایا ہے اور اس سرزمین کی ایک تاریخ ہے، جو ہمت، جدّوجہد اور عزت نفس کی کہانیوں سے مالا مال ہے۔

انہوں نے ریاست اور اس کے سبھی لوگوں کی ترقی اور خوشحالی کی خواہش کا اظہار کیا ہے۔

وزیر داخلہ شاہ نے اپنے پیغام میں کہا ہے کہ جھارکھنڈ نے ہر ایک کوشش میں قائدانہ کردار ادا کیا ہے، چاہے وہ آزادی کی تحریک ہو یا قوم کے فخر میں اضافہ کرنا ہو۔ انہوں نے جھارکھنڈ کو قدرتی وسائل اور قبائلی ثقافت کی ایک مقدس سرزمین قرار دیا۔×

## Bihar Result

برسرِ اقتدار NDA نے بہار اسمبلی انتخابات میں زبردست اکثریت حاصل کی ہے۔ اس نے 243 رکنی اسمبلی میں 202 سیٹیں حاصل کی ہیں۔ سبھی سیٹوں کے انتخابی نتائج کا اعلان کل رات کیا گیا۔x

## Bihar Post Result Data

امید ہے کہ آج پٹنہ میں، JDU اور BJP سمیت قومی جمہوری اتحاد NDA کی اتحادی پارٹیوں کی ایک غیر رسمی میٹنگ ہوگی، جس میں نئی سرکار کی تشکیل پر تبادلۂ خیال کیا جائے گا۔

ہمارے نامہ نگار نے بتایا ہے کہ ابتدائی اشاروں سے پتہ چلتا ہے کہ نتیش کمار کو، ریکارڈ دسویں مدّت کے لیے بہار کے وزیر اعلیٰ کے طور پر حلف دلائے جانے کا امکان ہے۔

V/C - Dharmendra

بہار اسمبلی انتخابات میں، نتیش سرکار میں 29 میں سے 28 وزیروں کو کامیابی ملی ہے۔ البتہ سومیت کمار سنگھ، جو جموئی ضلعے میں چکئی اسمبلی حلقے سے ایک ریاستی وزیر ہیں، انتخاب ہار گئے ہیں۔ BJP کوٹے کے سبھی 17 وزیروں کو کامیابی ملی ہے۔

اس بار جیت کا سب سے بڑا فرق، پورنیہ میں ریکارڈ کیا گیا، جہاں JDU کے کالادھار منڈل نے اپنے قریب ترین حریف بیمہ بھارتی کو Rupauli اسمبلی حلقے میں 73 ہزار 500 ووٹوں کے فرق سے ہرایا۔

بھوجپور ضلعے کے سندیش اسمبلی حلقے میں محض 27 ووٹوں کے فرق سے امیدوار کامیاب ہوئے۔ یہ مقابلہ JDU کے رادھا چرن شاہ اور RJD امیدوار کے درمیان تھا، جس میں رادھا چرن کامیاب ہوئے ہیں۔

اسمبلی انتخابات میں، مہا گٹھ بندھن کی آئین ساز پارٹیوں کو زبردست نقصان پہنچا ہے۔ RJD جس نے 2020 میں 75 سیٹیں جیتی تھیں، اس بار 50 سیٹیں گنوائیں ہیں، کانگریس نے 13 سیٹیں، جبکہ وِکاس شیل انسان پارٹی نے ایک بھی سیٹ حاصل نہیں کی۔

پٹنہ سے دھرمیندر کمار رائے کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کے لیے میں ...........

PM Address Bihar Win

BJP کے سینئر رہنماء اور وزیر اعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ بہار اسمبلی انتخابات میں کامیابی، ترقی کی سیاست کو اپنائے جانے اور بھائی بھتیجا واد کی سیاست کو ردّ کیے جانے کا نتیجہ ہے۔

کَل شام نئی دلّی میں BJP کے صدر دفتر میں پارٹی کارکنوں سے خطاب کرتے ہوئے جناب مودی نے کہا کہ یہ، بہار کی اُن خواتین کی کامیابی ہے، جنہوں نے RJD کے جنگل راج کا سامنا کیا۔

S/B - New PM Jungle Raj

انہوں نے لوگوں کو، جمہوریت میں اپنے یقین کو دہرانے اور انتخابی کمیشن کو ریکارڈ تعداد میں ووٹنگ کرانے پر مبارکباد دی ہے۔

انہوں نے اسے جمہوریت کی کامیابی قرار دیا، جس سے ملک کے انتخابی عمل پر اعتماد کو تقویت ملی ہے۔

S/B PM Modi on Record

جناب مودی نے کہا کہ بہار اسمبلی انتخابات میں کامیابی سے، کیرالہ، تمل ناڈو، پدوچیری، آسام اور مغربی بنگال میں BJP کارکنوں کو توانائی ملی ہے۔ انہوں نے کہا کہ جیسا کہ گنگا، بہار سے بنگال تک بہتی ہے، بہار میں بھی بنگال میں BJP کی کامیابی کا راستہ ہموار کر دیا ہے۔

S/B - PM on Bengal

Kharge Rahul Bihar Election

کانگریس صدر ملکاارجن کھڑگے نے کہا ہے کہ وہ بہار میں اُن ووٹروں کے شکرگزار ہیں، جنہوں نے مہا گٹھ بندھن کی حمایت کی۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں جناب کھڑگے نے کہا کہ وہ انتخابی نتائج کا مطالعہ کریں گے اور نتائج کی وجوہات کو سمجھنے کے بعد ایک تفصیلی نظریہ پیش کریں گے۔

لوک سبھا میں اپوزیشن کے رہنماء راہل گاندھی نے بھی بہار میں اُن ووٹروں کا شکریہ ادا کیا ہے، جنہوں نے مہا گٹھ بندھن پر اپنے اعتماد کا اظہار کیا۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں جناب گاندھی نے کہا کہ بہار میں نتائج واقعی چونکا دینے والے ہیں۔ انہوں نے یہ بھی کہا کہ کانگریس پارٹی اور I.N.D.I.A اتحاد، اِن نتائج کا جائزہ لے گا اور جمہوریت کو بچانے کی کوشش کرے گا۔×

BREAK

یہ خبرنامہ آکاشوانی سے نشر کیا جارہا ہے۔

GONG

ECI SIr

انتخابی کمیشن نے بتایا ہے کہ اس مہینے کی 4 تاریخ سے، جب سے، خصوصی تفصیلی نظرثانی SIR مہم کا دوسرا مرحلہ شروع ہوا ہے، ووٹروں کو ذاتی تفصیلات کے 46 کروڑ سے زیادہ فارم تقسیم کیے جا چکے ہیں۔ اس مرحلے میں کُل 51 کروڑ ووٹروں میں سے 91 فیصد کو فارم تقسیم کیے جائیں گے۔

اترپردیش میں زیادہ سے زیادہ 13 کروڑ 74 لاکھ فارم، اور مغربی بنگال میں 7 کروڑ 40 لاکھ سے زیادہ فارم تقسیم کیے جا چکے ہیں۔

دوسرے مرحلے کے تحت انتخابی کمیشن نے 9 ریاستوں اور مرکز کے زیر انتظام تین علاقوں میں SIR شروع کیا ہے۔ ذاتی تفصیلات فراہم کیے جانے کا یہ عمل اگلے مہینے کی 4 تاریخ تک جاری رہے گا۔×

J&K Nowgam Explosion

کَل رات جموں وکشمیر کے سرینگر شہر میں واقع Nowgam پولیس تھانے میں اچانک ہوئے دھماکے میں کئی افراد کے زخمی ہونے کا اندیشہ ہے۔

سرکاری ذرائع نے بتایا کہ یہ دھماکہ تعلیم یافتہ دہشت گروپ سے وابستہ معاملے میں، حال میں بڑی مقدار میں ضبط کیے گئے دھماکہ خیز مادوں سے لیے جارہے نمونوں کے دوران ہوا۔

یہ اتفاقیہ دھماکہ اس وقت ہوا جب پولیس کے اہلکار اور Forensic کے ماہرین، ہریانہ کے فرید آباد سے لائے گئے دھماکہ خیز مادے کی جانچ کر رہے تھے۔x

Test Cricket

مردوں کے کرکٹ میں، کولکتہ کے ایڈن گارڈن میں جاری پہلے ٹیسٹ کے دوسرے دن آج میزبان بھارت آسٹریلیا کے خلاف پہلی باری میں اپنے کَل کے اسکور ایک وکٹ پر 37 رن سے آگے کھیلنا شروع کرے گا۔ میچ صبح ساڑھے نو بجے شروع ہوگا۔ کَل شام کھیل ختم ہونے پر، کے ایل راہل 13 اور واشنگٹن سندر 6 رن پر کھیل رہے تھے۔x

## Badminton

بیڈ منٹن میں، معروف بھارتی کھلاڑی لکشیہ سین Kumamoto Masters جاپان ٹورنامنٹ کے سیمی فائنل میں پہنچ گئے ہیں۔ پیرس اولمپکس 2024 کے سیمی فائنل میں پہنچنے والے لکشیہ سین نے کَل کوارٹر فائنل میں سنگاپور کے سابق عالمی چیمپئن Loh Kean Yew کو اکیس۔تیرہ، اکیس۔سترہ سے شکست دی۔

فائنل میں جگہ بنانے کیلئے لکشیہ سین کا مقابلہ آج جاپان کے عالمی نمبر 13 اور 2018 کے ایشیائی کھیلوں میں کانسے کا تمغہ جیتنے والے کھلاڑی Kenta Nishimoto سے ہوگا۔x

## Shooting

نشانے بازی میں، سابق ایشیائی چیمپئن ایشا سنگھ نے مصر کے شہر قاہرہ میں ISSF عالمی چیمپئن شپ رائفل اور پسٹل کے، خواتین کے 25 میٹر پسٹل مقابلے میں، چاندی کا تمغہ جیتا ہے۔ ایشا کا، اس سال کا یہ تیسرا ISSF انفرادی تمغہ ہے۔ اس سے پہلے انہوں نے عالمی کپ کے مرحلوں میں سونے اور چاندی کے تمغے جیتے تھے۔

تمغوں کی فہرست میں بھارت کا مقام اب مجموعی طور پر تیسرا ہے۔ اُس کے پاس تین سونے، پانچ چاندی اور چار کانسے کے تمغے ہیں۔x

## Rev.Bypolls Results

سات ریاستوں کے 8 اسمبلی حلقوں میں ہوئے ضمنی انتخابات کے ووٹوں کی گنتی بھی کَل کی گئی۔ اسمبلی ضمنی چناؤ میں BJP اور کانگریس نے دو۔دو سیٹیں جیتیں جبکہ عام آدمی پارٹی، جھارکھنڈ مکتی مورچہ، میزونیشنل فرنٹ اور پیپلز ڈیمو کریٹک پارٹی میں سے ہر ایک نے ایک۔ایک سیٹ پر جیت حاصل کی۔

جموں و کشمیر میں BJP کی دیویانی رانا نے Nagrota اسمبلی سیٹ پر جیت حاصل کی جبکہ PDP امیدوار آغا سید منتظر مہدی بڈگام سیٹ سے کامیاب ہوئے ہیں۔

اوڈیشہ کے نوپاڑہ میں BJP کے جے ڈھولکیہ نے زبردست جیت حاصل کی۔

تلنگانہ میں کانگریس کے نوین یادو۔ وی نے حیدرآباد کی جوبلی ہلز اسمبلی سیٹ پر جیت حاصل کی۔

راجستھان کی Anta سیٹ پر کانگریس امیدوار پرمود جین بھیا نے جیت حاصل کی۔

جھارکھنڈ کی Ghatsila سیٹ پر جھارکھنڈ مکتی مورچہ کے امیدوار سومیش چندر سورین نے جیت حاصل کی۔

پنجاب میں ترن تارن سیٹ پر عام آدمی پارٹی کے امیدوار ہرمیت سنگھ سندھو نے جیت درج کی۔

میزورم کی Dampa سیٹ پر MNF کے امیدوار ڈاکٹر R-Lalthangliana فاتح رہے۔x

خبریں ہماری ویب سائٹ: news on air.com slash urdu پر بھی دستیاب ہیں۔

GONG

PRESS COMMENTS

اب اخبارات کے آئینہ کے ساتھ ہیں: ......مجیب اختر

شکریہ -شبانہ

راجدھانی دلی سے شائع ہونے والے آج کے سبھی اخبارات نے بہار اسمبلی الیکشن کے نتائج کی خبر کو جلی سرخی کے ساتھ شائع کیا ہے،جن کے مطابق NDA نے اس میں شاندار جیت درج کی ہے۔بی جے پی 89 سیٹوں کے ساتھ سب سے بڑی پارٹی بن کر ابھری ہے۔ جنتادل یونائیٹڈ کو 85 سیٹیں ملی ہیں جبکہ مہاگٹھ بندھن کو کراری ہار کا سامنا کرنا پڑاہے۔

وزیراعظم نریندر مودی آج جن جاتیہ گورو دیوس کے موقع پر گجرات کے ضلع نرمدا میں قبائلی رہنما برسامنڈا کے 150ویں یوم پیدائش کی تقریب میں شرکت کریں گے۔ وہ 19 نومبر کو پی-ایم کسان اسکیم کی 21ویں قسط بھی جاری کریں گے اور صدرِ جمہوریہ دروپدی مرمو، انگولا اور بوتسوانا کے چھ روزہ دورے کے بعد وطن واپس لوٹیں۔ اِن خبروں کو روزنامہ ملاپ اور پرتاپ نے خصوصی طور پر شائع کیا ہے۔

مرکزی وزیر صنعت پیوش گوئل نے آندھرا پردیش کے وزیراعلیٰ چندرا بابو نائیڈو کے ساتھ کرنول میں ڈرون سٹی اور سری ہری کوٹا میں اسپیس سٹی پروجیکٹوں کا سنگِ بنیاد رکھا، شیئر بازار میں مسلسل پانچویں دن بھی تیزی برقرار۔ ان خبروں کو روزنامہ ہندوستان ایکسپریس نے پہلے صفحے پر جگہ دی ہے۔

جبکہ روزنامہ انقلاب اور پرتاپ نے مرکزی وزیر جتن پرساد کے ہاتھوں بھارت منڈپم میں، بھارت کے 44ویں بین الاقوامی تجارتی میلے کے افتتاح کی خبر کو اجاگر کیا ہے۔ یہ میلہ 27 نومبر تک جاری رہے گا۔x

آخر میں خاص خاص خبریں ایک بار پھر

1- وزیر اعظم نریندر مودی گجرات کے نرمدا ضلعے میں جَن جاتیہ گورو دیوس تقریبات میں شرکت کریں گے۔ یہ تقریبات تاریخی قبائلی رہنماء بھگوان برسا منڈا کے 150 ویں یومِ پیدائش کے موقعے پر منائی جا رہی ہیں۔ وہ 9 ہزار 700 کروڑ روپے سے زیادہ کی لاگت والے مختلف ترقیاتی پروجیکٹوں کا آغاز کریں گے۔

2- وزیر اعظم سورت میں، ممبئی-احمد آباد بُلٹ ٹرین پروجیکٹ کی پیشرفت کا بھی جائزہ لیں گے۔

3- برسرِ اقتدار قومی جمہوری اتحاد نے، بہار اسمبلی انتخابات میں بھرپور کامیابی حاصل کی ہے۔ اُس نے 243 رکنی ایوان میں 202 سیٹیں جیتی ہیں۔ مہا گٹھ بندھن کی سیٹیں کم ہو کر 35 رہ گئی ہیں۔

4- چناؤ فہرستوں کی خصوصی تفصیلی نظرثانی کے دوسرے مرحلے میں 90 فیصد سے زیادہ ووٹروں کو، ذاتی تفصیلات کے فارم تقسیم کیے جا چکے ہیں۔

5- کرکٹ میں، آج کولکاتہ میں بھارت، پہلے ٹیسٹ کے دوسرے دن جنوبی افریقہ کے خلاف اپنی پہلی اننگز میں اپنے کل کے اسکور ایک وکٹ پر 37 رن سے آگے کھیلنا شروع کرے گا۔

6- اور نشانے بازی میں، ایشا سنگھ نے، قاہرہ میں عالمی چیمپئن شپ میں خواتین کے 25 میٹر پسٹل مقابلے میں کانسے کا تمغہ جیتا ہے۔

اسی کے ساتھ یہ خبر نامہ ختم ہوا۔

-------------------------------------